نام کافی طویل ہیں' اگر ان کو مختصر کیا جائے تو کتاب میں زیادہ دلچسپی پیدا ہوگی۔ پروفیسر صاحب کی کتابوں کے مطالعہ سے کچھ اندازہ ہوتا ہے کہ پروفیسر صاحب جس انداز سے سیرت رسول ﷺ مرتب کر رہے ہیں اس میں قرآن کی ترتیب نزولی پر ان کا زیادہ فوکس ہے۔ فی الواقع یہ کام ایک گہرے مطالعہ کا ہے کہ فلاں سورت کے بعد فلاں سورت اور آیات نازل ہوئیں۔ محسوس ہوتا ہے کہ ہمیں حتمی طور پر ایسی بات نہیں کرنی چاہیے کہ فلاں سورت کا زمانۂ نزول فلاں سال ہے۔ ہاں جن سورتوں کے نزول کے بارے میں نمایاں قرائن موجود ہوں ان کے بارے میں کہنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ زیادہ مشہور تقسیمیں دو ہیں یعنی مکی اور مدنی۔ لیکن قرآن بہرحال ترتیب توقیفی پر مبنی ہے۔ لہٰذا یہی موزوں دکھائی دیتا ہے کہ اس کا مطالعہ collectively کیا جائے۔

ہم جن حالات سے دوچار ہیں اس میں سیرت رسول ہی ہماری راہنمائی کر سکتی ہے۔ ہمارے ہاں نفاذ اسلام کا طریقہ ایک اہم ایشو ہے۔ اس ایشو کو صرف سیرت مطہرہ ہی حل کر سکتی ہے۔ مشہور قول ہے: **لن یصلح آخر ھذہ الامّۃ الا بما صلح بہ اولھا**۔ اس حوالے سے ہمیں سیرت کا تجزیاتی مطالعہ کرنا چاہیے' جیسا کہ جناب پروفیسر صاحب کر رہے ہیں۔ سیرت کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ تبدیلی کے لیے بالکل ابتدائی مراحل بہت اہم ہیں' جن میں ایمان اور صبر خصوصی اہمیت کے حامل ہیں۔

اس میں کچھ شک نہیں کہ پروفیسر تسنیم صاحب بہت عمدہ کام کر رہے ہیں۔ ان کی کوشش لائق تحسین ہے۔ وہ یہ کام اپنی اخروی زندگی کی کامیابی کے لیے کر رہے ہیں۔ جلد دوم کے صفحہ ۹ پر لکھتے ہیں: ''مصنف کو رسول اللہ ﷺ اور آپ کے لائے ہوئے دین اسلام سے جو محبت ہے اس کی خاطر یہ کتاب صرف اللہ کی رضا کے حصول کے لیے لکھی اور شائع کی گئی ہے''۔ یہ بات بھی خوش آئند ہے کہ وہ کتاب کی تیاری میں عجلت سے کام نہیں لے رہے۔ وہ جو جو کام کر رہے ہے وہ اللہ کے حبیب ﷺ کا کام ہے' اس میں مواد کا معیار اولین ترجیح ہونی چاہیے' جس کا انہیں خود بھی احساس ہے۔ کتاب کی تیاری بڑے سائنٹیفک انداز میں کی گئی ہے۔ کتاب کے ہر طاق (odd) صفحہ پر باب کا نمبر اور اس کا عنوان مذکور ہے' جبکہ جفت (even) صفحہ پر کتاب کا نام اور جلد نمبر کا ذکر ہے۔ یہ انوکھا سٹائل شاید کتابوں میں کم نظر آئے۔

(۲)

نام کتاب : مصیبتوں سے کیسے نمٹیں؟

مصنف : پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی

ضخامت: 550 صفحات رعایتی قیمت: 450 روپے

ملنے کے پتے : دار النور' اسلام آباد ☆ مکتبہ قدوسیہ' اردو بازار' لاہور

تبصرہ نگار : پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

پروفیسر ڈاکٹر فضل الٰہی کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ وہ معروف عالم دین اور بلند پایہ ادیب ہیں۔ وہ درجنوں کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کی تمام کتابیں معیاری اور حقائق پر مبنی ہیں۔ ان کا طرزِ تحریر منفرد اور مؤثر